ایصالِ ثواب برائے والدہ محترمہ سلمان سلیم
دنیا و آخرت کی بھلائی کی
دعائیں

پیش لفظ

سکین بائے= محمد سلمان سلیم
0304-8890501

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعا کرنا عبادت کا مغز ہے۔

قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں آتا ہے۔

اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ مجھے پکارو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کرونگا بے شک جو لوگ میری عبادت سے سرکشی کرتے ہیں۔ عنقریب وہ ذلیل ہوکر دوزخ میں جائیں گے۔

دعا کی شرائط میں ایک اہم شرط یہ بھی ہے کہ دعا پورے یقین کے ساتھ کی جائے تو اللہ رب العزت ضرور ہی قبول فرمائیں گے۔

دعا ایسی چیز ہے جو تقدیر کا لکھا بھی بدل سکتی ہے۔ دعا ہمیشہ پورے خشوع و خضوع سے مانگیں۔ دعا کے اول و آخر درود ابراہیمی ضرور پڑھا کریں۔

ایصالِ ثواب میری والدہ ماجدہ جو پچھلے یکم رمضان کو اپنے خالق حقیقی سے جاملیں .اللہ تعالیٰ انکے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے- آمین ثم آمین تمام پڑھنے والوں سے عاجزانہ گزارش کے اس کتابچہ کو پڑھنے کے بعد میری والدہ کے لیے بھی دعا ضرور کیجئے گا =محمد سلمان سلیم

فہرست

نمبر شمار		صفحہ نمبر
۱	۹ قرآن پاک اور ایک ہزار آیات پڑھنے کا ثواب	۶
۲	امراض دل کا علاج	۱۳
۳	شوگر کا علاج	۱۴
۴	تمام گناہوں سے معافی کی دعا۔	۱۴
۵	ایک خاص عمل	۱۶
۶	بازار میں اللہ کے ذکر کا لاکھوں گنا ثواب	۱۸
۷	۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کے ثواب والا درود شریف۔	۱۹
۸	۷۰ ہزار فرشتوں سے ہزاروں دن تک نیکیاں لکھوانے والا درود شریف۔	۱۹
۹	رزق میں اضافہ اور عذاب قبر سے حفاظت	۲۰
۱۰	زمین و آسمان کی کنجیاں	۲۰
۱۱	رحمتوں کا خزانہ	۲۲
۱۲	سب گناہوں سے مغفرت کی گارنٹی۔	۲۲
۱۳	فرشتوں نیکیاں لکھنے میں مصروف کر دینے والا	۲۳

۱۴	اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کا طریقہ	۲۴
۱۵	ثواب کے پانچ عمل	۲۴
۱۶	شب قدر کی فضیلت و اعمال	۲۵
۱۷	انمول وظائف	۲۹
۱۸	تمام پریشانیوں کے لئے اکسیر نسخہ	۳۳
۱۹	دنیا و آخرت کے ہر غم کا خاتمہ	۳۴
۲۰	پانچ چیزوں کی حفاظت کی دعاء	۳۵
۲۱	ادائے قرض کی دعاء	۳۶
۲۲	ہر قسم کے شرک سے حفاظت کی دعاء	۳۷
۲۳	سید الاستغفار	۳۷
۲۴	بری عادات سے بچنے کی دعاء	۳۸
۲۵	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا	۳۹
۲۶	نیک اعمال پر قائم رہنے کی دعاء	۴۰
۲۷	اللہ تعالیٰ کا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفہ	۴۰
۲۸	سات اچھی دعائیں۔	۴۱
۲۹	تمام امراض کے لئے نسخہ شفاء	۴۴
۳۰	حصول نعمت	۴۵

۳۱	پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے کی تسبیح	۴۶
۳۲	مشکل سے مشکل کام کا حل	۴۶
۳۳	تمام پریشانیوں کا حل	۴۶
۳۴	ہر مشکل آسان	۴۷
۳۵	میاں بیوی کا جھگڑا	۴۸
۳۶	لاعلاج امراض	۴۸
۳۷	مشکلات کا حل	۴۹
۳۸	اسم اعظم	۴۹
۳۹	میاں بیوی میں محبت	۵۰
۴۰	گھر کا امن	۵۰
۴۱	قدر و منزلت	۵۰
۴۲	کامیابی مقصد	۵۱
۴۳	باکمال وظیفہ	۵۱
۴۴	اقرار گناہ اور معافی کی دعا	۵۲
۴۵	دین و دنیا کی بھلائی کی دعا	۵۲
۴۶	صلوٰۃ الحاجات	۵۳
۴۷	مشکل کام کی عجیب طرح آسانی	۵۵

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

نمبر	عنوان	صفحہ
۴۸	ہر کام خدا بنائے	۵۵
۴۹	کامیابی کا گُر	۵۶
۵۰	گمشدہ کی تلاش	۵۷
۵۱	امتحان میں کامیابی	۵۷
۵۲	شادی کے لئے	۵۸
۵۳	اپنی طرف رجوع کرانا	۵۹
۵۴	غیبی امداد	۵۹
۵۵	حاکم کے سامنے پیشی	۵۹
۵۶	مفلسی کا حل	۶۰
۵۷	زبان بندی	۶۰
۵۸	استغفار	۶۱
۵۹	حصولِ اولاد	۶۲
۶۰	نافرمان اولاد	۶۵
۶۱	مناجات مقبول	۶۵
۶۲	قرب الٰہی	۷۱
۶۳	نماز استخارہ	۷۴

①

① صرف ۱۰ منٹ میں

۹ قرآن پاک اور ایک ہزار آیات پڑھنے کا ثواب

ایک تو پورا قرآن پاک پڑھنے کی جو فضیلت ہے اسکی برابری نہیں ہو سکتی۔ دوسرا اللہ تعالیٰ کا خاص کرم اس امتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے کہ اس نے ان چھوٹی چھوٹی سورتوں کے پڑھنے پر کتنی بڑی فضیلت دے رکھی ہے۔ جو ذات قرآن پاک کے چھوٹے سے حصے کی تلاوت کرنے پر اتنا بڑا انعام دے رہی ہے۔ وہ پورے قرآن پاک کی تلاوت پر راضی ہو کر کتنا اجرِ عظیم دے گی۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

تین۳ مرتبہ پڑھنے کا ثواب دو۲ مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے

(رواہ عبداللہ بن عباس بحوالہ تفسیر مظہری ص۲۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ اٰمِيْنَ ؕ

آیۃ الکرسی | چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے
رواہ احمد بحوالہ احمد بحوالہ الرحمٰن

آيَةُ الْكُرْسِىْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا
بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَىْءٍ
مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ ○

سُوْرَةُ الْقَدْرِ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے
(فردوس دیلمی بحوالہ مسند احمد حاشیہ ص ۱۰۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ۚۖ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ؕ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ؕ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ۛۙ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

دو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے

(ترمذی ص ۱۷ ج ۲)

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۝ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ

دو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔

(رواہ ابو عبیدہ بحوالہ تفسیر مواہب الرحمٰن ص ۳ ج ۱۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝

فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ؕ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۙ وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝

سُوْرَةُ التَّكَاثُرُ

ایک مرتبہ پڑھنے کا ثواب ہزار آیات پڑھنے کے برابر ہے۔ (بیہقی بحوالہ مشکوٰۃ ص ۱۹۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ؕ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ؕ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ

الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ
النَّعِيْمِ ۝

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی ص ۲۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا
تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ
اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۗ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سُوْرَةُ النَّصْرِ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے (ترمذی ص ۲۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ
وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ
فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ
اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ ؕ

تین مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔

(بخاری ص[illegible] جلد ۲ مسلم ص[illegible] جلد ۱)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

احادیث میں اس سورۃ کی تلاوت کی بہت فضیلت آئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَةُ النَّاسِ

احادیث میں اس سورۃ مبارکہ کی تلاوت کی بڑی فضیلت آئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ

شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

پس اتنا اگر کوئی مسلمان پڑھ لے تو نو قرآن اور ایک ہزار آیتوں کے پڑھنے کا ثواب پاسکتا ہے یعنی کم از کم محنت اور زیادہ سے زیادہ انعام۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اس اُمتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ کیا اچھا ہو کہ ہر مسلمان اتنا پڑھ لیا کرے جس کے پڑھنے میں تقریباً دس منٹ صرف ہوتے ہیں۔ یہ چھوٹی چھوٹی سورتیں آپ چلتے پھرتے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یہ سورتیں پڑھ کر آپ اپنے مرحومین کو اور تمام مسلمان مرحومین کو ایصالِ ثواب کر سکتے ہیں۔

۲ امراضِ دِل کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَآ اَللّٰهُ ۔ یَا رَحْمٰنُ ۔ یَا رَحِیْمُ ۔

دِلِ مَارا کُنْ مُسْتَقِیْمْ بِحَقِّ

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ط

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک کے ساتھ یہ دعا پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

③ شوگر کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ط

۲½ ماہ تک بلاناغہ ۳ مرتبہ صبح اور ۳ مرتبہ شام یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔ انشاء اللہ شوگر کا مرض جاتا رہے گا۔

④ تمام گناہوں سے معافی کی دعا

جس شخص نے سوتے وقت مندرجہ ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھے۔ اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے خواہ وہ سمندر کی جھاگ کی مانند ہوں۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۲۰۹ جلد ا بحوالہ ترمذی ابوداؤد)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

ترجمہ: میں مغفرت و بخشش چاہتا ہوں اس اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ حیی و قیوم ہے ہمیشہ رہنے والا اور سب کا کارساز ہے اور میں اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

۵ ایک خاص عمل

جو شخص صبح کو تین مرتبہ پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

اور سورہ حشر کی آخری تین آیات ایک بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر ۷۰ ہزار فرشتے مقرر کر دیتے ہیں جو شام تک اس کے لئے استغفار کرتے رہتے ہیں اور اگر اس دن اس کو موت آگئی تو شہید مرے گا اور جو شام کو پڑھے گا تو ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس رات میں اس کی موت واقع ہو گئی تو وہ شہید مرے گا

(مشکوٰۃ شریف ص۱۸۸)

ترکیب: پہلے تین مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ
مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ سے جو بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں۔ پھر ایک بار یہ آیتیں پڑھیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ
الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ
مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ

ترجمہ: اللہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ پوشیدہ اور ظاہر
چیزوں کا جاننے والا ہے۔ وہی بڑا مہربان اور رحم والا ہے۔ اللہ ایسا معبود ہے کہ اس
کے سوا کوئی اور معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے۔ سب عیبوں سے پاک ہے سلامتی دینے والا ہے
امن دینے والا ہے۔ نگہبانی کرنے والا ہے۔ زبردست ہے۔ خرابی کا دور کرنے والا ہے۔ بڑی
عظمت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کی شان یہ ہے۔ لوگوں کے شرک سے پاک ہے وہی
برحق معبود ہے۔ پیدا کرنے والا ہے۔ ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے۔ وہ صورت بنانے والا ہے

اس کے اچھے اچھے نام ہیں۔ سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں۔ اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔

(۶) بازار میں اللہ کے ذکر کا لاکھوں گنا ثواب

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ بازار گیا اور اس نے مندرجہ ذیل کلمات پڑھے تو اس کے اعمال میں دس لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کے دس لاکھ گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کر دیئے جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط ○

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا معبود ہے اور کوئی اس کا ساجھی اور شریک نہیں۔ صرف اسی کا راج اور فرمانروائی ہے وہی حمد و ستائش کے لائق ہے۔

سب کی زندگی اور موت اسی کے قبضہ میں ہے اور وہ زندہ جاوید ہے۔

ساری خیر و بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

⑦ ۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کے ثواب والا درود شریف

حضرت سہیل بن عبداللہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسی مرتبہ مندرجہ ذیل درود شریف پڑھے تو اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہوں گے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھا جائے گا۔ (بحوالہ طبرانی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰىٓ اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ؕ

⑧ ۷۰ ہزار فرشتوں سے ہزاروں دن تک نیکیاں لکھوانے والا درود شریف

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مندرجہ ذیل دعا کرے تو اس کا ثواب ستر ہزار فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈال دے گا۔ (بحوالہ طبرانی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ ط

⑨ رزق میں اضافہ اور عذاب قبر سے محفوظ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز ایک سو (۱۰۰) مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کا ذکر کرے گا تو اس کی روزی میں برکت ہوگی۔ وہ عذاب قبر سے بچا رہے گا اور موت کے وقت اس کی روح کے جنت میں داخلہ کے لئے تمام دروازے کھل جائیں گے۔

(یہ کلمہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کی جالی پر بھی لکھا ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ ط

⑩ زمین و آسمان کی کنجیاں

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص روزانہ مندرجہ ذیل کلمات ۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو اسے دس نوازشیں حاصل ہوں گی۔

پہلی یہ کہ گذشتہ گناہ معاف ہوں گے۔ دوسری اس کو آگ سے نجات ملے گی تیسری اس کے ساتھ دو فرشتے مقرر کیئے جاتے ہیں جو دن رات اسے آفتوں اور بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں، چوتھی یہ کہ اس کو ثواب کا خزانہ دیا جاتا ہے۔ پانچویں اسکو اس شخص کے برابر ثواب ملے گا جس نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے .. غلام آزاد کیئے۔ چھٹی اسکو اتنا ثواب ملے گا جیسے اس نے قرآن کریم، تورات، انجیل اور زبور پڑھ لیں۔ ساتویں اس کے واسطے جنت میں گھر بنے۔ آٹھویں کہ حورالعین سے نکاح کر دیا جائے گا۔ نویں، اس کے سر پر عزت کا تاج پہنایا جائے گا، دسویں یہ کہ گھر کے ستر آدمیوں کے بارے میں اس کی سفارش قبول ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ وَسُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَاَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالۡبَاطِنُ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوۡتُ بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ○

(۱۱) رحمتوں کا خزانہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ کلمات پڑھے اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے رحمت و بخشش طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے ایک ہزار درجے بلند فرماتے ہیں۔ اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لئے قیامت تک استغفار کے لئے مقرر فرما دیتے ہیں۔ (کنز العمال ص ۲ ج ۲ شمارہ ۳۸۹۱ ۔ طبرانی : الکبیر و ابن عساکر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَىْءٍ لِّعَظَمَتِهٖ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ ذَلَّ كُلُّ شَىْءٍ لِّعِزَّتِهٖ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَفَعَ كُلُّ شَىْءٍ لِّمُلْكِهٖ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَىْءٍ لِّقُدْرَتِهٖ

(۱۲) سب گناہوں سے مغفرت کی گارنٹی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی ۱۰۰ بار مندرجہ ذیل کلمات کہے تو اس کے سب گناہ معاف کئے جائیں گے۔ خواہ وہ سمندر کی جھاگ کی مانند ہوں۔ (بحوالہ بلوغ المرام ص ۱۰۷ (بخاری و مسلم)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

(۱۴)

فرشتوں کو نیکیاں لکھنے میں مصروف کر دینے والا عمل

زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب سبل الخیرات سے نقل کیا ہے کہ ایک آدمی نے حج کیا اور کعبۃ اللہ شریف کی چوکھٹ تمام کر یہ مندرجہ ذیل کلمات حمد پڑھے اور چلا گیا۔ اگلے سال پھر حج کے لئے آیا اور اس موقع پر بھی چوکھٹ مبارک تمام کر اس تحمید کے پڑھنے کا ارادہ کیا تو ہاتف اغیبی فرشتے نے آواز دی کہ گذشتہ سال ہی کلمات پڑھ کر حفظہ یعنی نگران دیگی نرینہ فرشتوں کو تو نے مصروف کر دیا کہ وہ ابھی تک ان کلمات کا ثواب لکھنے سے فارغ نہیں ہوئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ بِجَمِیْعِ مَحَامِدِہٖ کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ عَلٰی جَمِیْعِ نِعَمِہٖ کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَعَدَدِ خَلْقِہٖ کُلِّھِمْ مَّا عَلِمْتُ مِنْھُمْ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ط

(۱۴) اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کا طریقہ

حدیث شریف میں آیا ہے کہ ہر مسلمان صبح و شام ان مندرجہ ذیل کلمات کو تین تین بار کہے تو لازمی طور پر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے اس بندے کو راضی کریں گے۔ یعنی خوش ہوں گے اور خوش کریں گے۔ (ترمذی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَّرَسُوْلًا ط

(۱۵) ثواب کے پانچ عمل

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اے علی (رضی اللہ عنہ) روزانہ رات کو پانچ کام کر کے سویا کرو۔

۱۔ چار ہزار دینار صدقہ دے کر سویا کرو۔

۲۔ ایک قرآن شریف پڑھ کر سویا کرو۔

۳۔ جنت کی قیمت دے کر سویا کرو۔

۴۔ دو لڑنے والوں میں صلح کرا کے سویا کرو۔

۵۔ ایک حج کر کے سویا کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ امر محال ہے مجھ سے کب بن سکیں گے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

۱۔ چار مرتبہ سورۃ الفاتحہ یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھ کر سویا کرو۔ اس کا ثواب چار ہزار دینار صدقہ کرنے کے برابر تمہارے نامہ اعمال میں لکھا جائے گا۔

۲۔ تین مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھ کر سویا کرو۔ ایک قرآن مجید پڑھنے کے برابر ثواب ملے گا۔

۳۔ دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سویا کرو جنت کی قیمت ادا ہوگی۔

۴۔ دس مرتبہ استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھ کر سویا کرو۔ دو لڑنے والوں کے درمیان صلح کرانے کے برابر ثواب ملے گا۔

۵۔ چار مرتبہ تیسرا کلمہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھ کر سویا کرو۔ ایک حج کا ثواب ملیگا اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب تو میں روزانہ یہی عملیات کروں گا۔

(۱۶) فضیلت و اعمال شب قدر

رب العزت کا صد شکر و احسان ہے کہ اس نے رمضان المبارک جیسا مقدس و بابرکت مہینہ ہمیں عبادات اور قبولیت استغفار کے لئے عطا فرمایا۔ اس ماہ میں ایک

رات ایسی بھی مقرر کر دی ہے جس میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینے سے بھی زیادہ ہے لیکن اس کو پوشیدہ رکھا ہے تاکہ ہم اس کو تلاش کریں اور ثواب کثیر پائیں۔

ماہ رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شب قدر ہونے کا زیادہ احتمال ہے یعنی ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷ اور ۲۹ ویں شب میں مگر ۲۷ شب میں زیادہ سے زیادہ امکان ہے۔

ان تمام راتوں میں بہت محنت اور توجہ سے عبادت میں مشغول رہنا چاہیئے اور ان راتوں کو محض جلسوں۔ تقریروں میں نہیں صرف کرنا چاہیئے کیونکہ عبادت کا یہ وقت پھر ہاتھ نہیں آئے گا۔

نزولِ ملائکہ قرآن میں ہے کہ اس رات جبرائیل علیہ السلام زمین پر مع کئی ہزار فرشتوں کے اترتے ہیں اور ہر جگہ جاتے ہیں۔ یہ فرشتے طلوع فجر تک رہتے ہیں نیز امتِ مسلمہ کے لئے استغفار اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل میں مصروف رہتے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ جو شخص شب قدر میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ سورۃ القدر پڑھے اسے مصیبت سے نجات ملے اور فرشتے اس کے لئے جنت کی دعا کرتے ہیں۔

اس رات میں کیا پڑھنا چاہیئے جس قدر ہو سکے نوافل، تلاوت کلام پاک، کلمہ طیبہ، کلمہ تمجید، درود شریف، استغفار اور اذکار کی کثرت رکھی جائے۔ اور اللہ پاک سے اس کی رضا اور جنت طلب کرے

اور اس کی ناراضگی اور دوزخ سے پناہ مانگے۔

بعض نوافل جو بزرگانِ دین سے منقول ہیں ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

پہلی نماز دو رکعت نفل جس میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر ایک بار اور سورۃ الاخلاص تین بار پڑھے۔

دوسری نماز دو رکعت نفل ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ الاخلاص اور ستر بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ؕ پڑھیں۔

تیسری نماز ۴ رکعتیں نفل۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ التکاثر ایک بار اور سورۃ الاخلاص تین بار پڑھے۔ انشاءاللہ پڑھنے والے پر موت کی سختی آسان ہوگی۔ (نزہت المجالس)

چوتھی نماز ۴۔ رکعتیں نفل۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ القدر تین بار اور سورۃ الاخلاص پچاس بار بعد ختم نماز سجدہ میں

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ

پڑھے انشاءاللہ دعا قبول ہوگی گناہ مغفور ہوں گے۔

صلوٰۃ التسبیح اس نماز کی بھی بڑی فضیلت ہے اس کے پڑھنے سے انسان کے صغیرہ و کبیرہ گناہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیتے ہیں۔ یہ نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضؓ کو تعلیم فرمائی تھی اور فرمایا تھا کہ

ہو سکے تو روزانہ ورنہ ہر جمعہ کو یا ہر مہینہ یا سال میں ایک بار یا پھر زندگی میں ایک مرتبہ تو ضرور پڑھ لے اس کے پڑھنے میں تقریباً بیس منٹ لگتے ہیں۔ رنج و غم مصیبت اور سختی کے وقت یہ نماز نہایت مفید ہے اس نماز کی چار رکعتیں ہیں۔

یہ کلمات ۷۵ بار مندرجہ ذیل طریقے پر زائد پڑھے جاتے ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط

نیت باندھ کر ثنا یعنی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور کوئی سی سورۃ پڑھنے کے بعد دس (۱۰) مرتبہ

رکوع میں سبحان ربی العظیم کے بعد	دس (۱۰) مرتبہ
رکوع سے سیدھا کھڑا ہو کر قومہ میں ،	دس (۱۰) مرتبہ
پہلے سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ کے بعد	دس (۱۰) مرتبہ
پہلے سجدہ سے اُٹھ کر جلسے کی حالت میں	دس (۱۰) مرتبہ
پھر دوسرے سجدے میں سبحان ربی الاعلیٰ کے بعد	دس (۱۰) مرتبہ

اس طرح ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ ہو تے پھر دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں۔ اور اسی ترتیب سے چاروں رکعتوں میں یہ کلمات تین سو مرتبہ مکمل کریں۔

یہ نماز اوقات مکروہ کے علاوہ ہر وقت پڑھ سکتے ہیں۔

شب قدر کی یہ خاص دعا ہے اسے کثرت سے پڑھنا چاہیئے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ

فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ

ترجمہ:۔ اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا مہربان ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس مجھے معاف کر دے۔ اے معاف کرنے والے، اے معاف کرنے والے، اے معاف کرنے والے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو شب قدر میں عبادات کثیرہ کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے نیز ہمارے بچوں میں دینی تعلیم کا شوق اور ارکان اسلام پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(۱۷) انمول وظائف مصطفےٰ

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ کشادہ رزق۔ غموں سے نجات بیماری سے شفا ۱۰۰ بار

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ جہنم سے نجات ۱۰۰ بار

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ جنت کا خزانہ ۱۰۰ بار

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سمندر کی جھاگ برابر گناہ معاف ۱۰۰ بار

○ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ؕ ہر مشکل، غم، فکر، آفت سے نجات ۱۰۰ بار

○ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ غم سے نجات ۱۰۰ بار

○ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؕ

اسم اعظم ہے پڑھنے سے دعا قبول ۱۰۰ بار

○ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلَّمَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت ۱۰۰ بار

○ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ؕ

○ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ؕ ماہِ رمضان میں کثرت سے پڑھیں آسمان کے دروازے

کھل جاتے ہیں ۱۰۰ بار

○ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ۔ جنت میں ۔ باغ لگ جاتا ہے ۔۔ بار

○ سُبْحَانَ اللّٰهِ ۔ صبح وشام ۱۰۰ بار سو حج کا ثواب ملتا ہے

○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۔ صبح وشام ۱۰۰ بار ۱۰۰ گھوڑے فی سبیل اللہ جہاد کیلئے دینا

○ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ صبح وشام ۱۰۰ بار اس سے بہتر عمل اس دن کسی نے نہیں کیا

○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ ۱۰۰ بار اسماعیلؑ کی اولاد سے سو غلام آزاد کرنا ہے

○ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۔

ترازو میں وزنی کلمات — صبح وشام ۱۰۰ بار

نماز فجر سے پہلے یَا صَبُوْرُ ۱۰۰ بار

پڑھ کر ہر مصیبت سے نجات کے لئے دعا کریں۔

و نماز فجر سنت اور فرض کے درمیان یَا سَمِیْعُ حسب توفیق پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی خاص نظر عنایت کے لیے دعا کریں۔

و نماز فجر کے بعد یَا رَحْمٰنُ ۲۹۸ بار پڑھ کر کاروبار میں ترقی۔ کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ خاص رحمت حق کے لئے دعا کریں۔

و پنجگانہ یا کسی نماز فرض کے بعد یَا لَطِیْفُ ۱۲۱ بار پڑھ کر دین و دنیا کی حاجتوں کے لیے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ سننے والا ہے۔

و نماز جمعہ سے قبل اَللّٰہُ ۱۰۰ بار پڑھ کر تمام کام آسان اور تمام عمل قبول ہونے کے لیے دعا کریں۔

و نماز جمعہ کے بعد یَا غَفَّارُ ۱۰۰ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے بے شمار رزق عطا کرنے کی دعا کریں۔

و کسی وقت یَا وَکِیْلُ حسب توفیق پڑھ کر آگ، پانی، ہوا سے محفوظ رہنے کیلئے

و کسی وقت یَا عَظِیْمُ حسب توفیق پڑھیں ہر مرض سے انشاء اللہ شفا ہوگی

و عشا کی نماز کے بعد سجدے میں یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۱۰۰ بار پڑھ کر سخت سے سخت مصیبت اور سخت سے سخت بیماری سے شفا کے لئے دعا کریں۔

و کسی وقت یَا اَللّٰہُ حسب توفیق شدید بیمار خود پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

و سجدے میں کسی وقت یَا رَبِّ اغْفِرْلِیْ ۳ بار برائے گناہ معافی استغفار دعا مانگیں۔

و عشا کے بعد خالی کمرے میں یَا لَطِیْفُ حسب توفیق لڑکی کے رشتے کے لئے، روزگار میں ترقی اور بیماری میں شفا کے لئے دعا کریں۔

نیک اولاد کے لئے

و کسی وقت یَا مَتِینُ ۵۰۰ بار پڑھ کر اولاد کے لئے بُرے کاموں سے پاک رہنے کی دعا کریں۔

و کسی وقت یَا رَقِیْبُ ۷ بار مال و اولاد تمام آفتوں سے محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں۔

و کسی وقت یَا قَدِیْرُ حسبِ توفیق اللہ تعالیٰ عزت عظمت، قدر و منزلت عطا فرمائے گا۔

نوٹ:۔ حسبِ توفیق میں تعداد اور وقت کی پابندی لازم نہیں آتی۔

۲۔ حدیث شریف میں ہے ہر دعا سے پہلے تین بار
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھ لیں۔

---

(۱۸) تمام پریشانیوں کے لئے اکسیر نسخہ

روزانہ وقت مقررہ پر ۲۱ مرتبہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے سبب پیدا کرنے والے اسباب کے

وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ؕ

اور اے پھیرنے والے دلوں کے اور نگاہوں کے

وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ۰

اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کے

وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ ۰ وَیَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِیْنَ ۰

اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت دینے والے غمگینوں کے

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ

میری فریاد سن لے، میری فریاد سن لے. میری فریاد سن لے.

تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَا رَبِّیْ وَفَوَّضْتُ اِلَیْكَ اَمْرِیْ

بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے پروردگار اور سپرد کیا میں نے تجھ کو اپنا کام

یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ یَا اَللّٰہُ

اے پروردگار۔ اے پروردگار اے پروردگار ۔ اے اللہ

یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ ۰

اے خوشحالی بخشنے والے اے روزی دینے والے اے رحمت کے دروازے کھولنے والے اے سخی

(۱۹) دنیا و آخرت کے ہر غم کا خاتمہ

حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص صبح و شام سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ لے گا. تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیا و آخرت کے ہر غم سے نجات کے لئے کافی ہو جائیں گے.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

ترجمہ :- میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں۔ اسی پر میں نے بھروسہ کرلیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے (روح المعانی پ۱۱)

(۲۰) پانچ چیزوں کی حفاظت کی دعا

دین، نفس، اولاد، اہل وعیال اور مال کی حفاظت کے لئے اس دعا کو صبح وشام ایک مرتبہ پڑھ لیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَمَالِیْ۔ (کنز العمال جلد ۲ ص۔۔۔)

ترجمہ :- اللہ کے مبارک نام کا فیضان ہو میرے دین پر، میری جان پر میری اولاد پر۔ میرے اہل وعیال پر میرے مال پر۔

(۲۱)

ادائے قرض کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ ط

ترجمہ :۔ اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں غم سے اور حزن (رنج و غم) سے اور پناہ چاہتا ہوں عجز و کسل سے اور پناہ چاہتا ہوں بخل اور بزدلی سے اور پناہ چاہتا ہوں کثرت قرض سے اور لوگوں کے غلبہ پا لینے سے۔

(ابوداود ، مشکوٰۃ صہ ۲۱۵)

(۲۲) ہر قسم کے شرک سے حفاظت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ ؕ

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ تیرے ساتھ شریک کروں اور اس کو میں جانتا ہوں اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس کی کہ جو میں نہیں جانتا۔ (کنز العمال ج ۲۔ ص ۸۱۶)

(۲۳) سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا بڑا مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ

اے اللہ تو میرا رب ہے، نہیں کوئی معبود، مگر تو نے مجھے پیدا کیا

وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ

اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں

مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ

اپنی طاقت کے موافق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنی بدکاریوں سے

اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ

اور تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں تو مجھے

فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

بخش دے گناہ میرے، بس تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا

(۲۴) بری عادات سے بچنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ وَالْاَدْوَآءِ

ترجمہ: اے اللہ میں بری عادات سے، برے کاموں سے اور بری خواہشات

بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(۲۵) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا

وظیفہ نمبر ۱ جمعہ کی شب کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر سو جائیں

اول و آخر مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ط

وظیفہ نمبر ۲ جمعہ کی نصف شب میں سورۃ قریش ایک ہزار بار وضو پڑھ کر سو جائیں۔

وظیفہ نمبر ۳ کسی پرچہ پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ، اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللہِ بعد از نماز جمعہ ۳۵ بار لکھیں اور روزانہ طلوع آفتاب کے وقت درود شریف پڑھتے ہوئے اس پرچہ کو دیکھتے رہیں۔ کثرت سے دیدار نصیب ہو گا۔

وظیفہ نمبر ۴ دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سو بار سورۃ اخلاص پڑھیں پھر مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا مُحْسِنُ یَا مُکْرِمُ یَا مُنْعِمُ یَا مُتَفَضِّلُ اَرِنِیْ وَجْهَ نَبِیِّکَ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ط

ترجمہ :۔ اے محسن۔ اے انعام و اکرام کرنے والے مجھے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا رُخِ انور خواب میں دکھا دے۔

(۲۶) نیک اعمال پر قائم رہنے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ۝

ترجمہ :۔ اے ہمارے رب! ہمارے دلوں کو گمراہ نہ کرنا۔ بعد اس کے کہ آپ ہمیں ہدایت فرما چکے ہیں اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرمائیے۔ بلاشبہ آپ بڑے عطا فرمانے والے ہیں

(۲۷)

اللہ تعالیٰ کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفہ

معراج شریف سے واپسی پر اللہ تعالیٰ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو تین تحائف سے نوازا۔

۱۔ نماز ۲۔ روزہ ۳۔ سورۃ بقرہ کی آخری آیات مبارکہ۔ نماز اور روزہ کے ساتھ سورۃ بقرہ کی آخری آیات کی بھی بڑی فضیلت ہے۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ٥

ترجمہ :۔ اے ہمارے رب! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر۔ اے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے پروردگار! جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ رکھ۔ ہمارے ساتھ نرمی کر۔ ہم سے درگذر فرما، ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولیٰ ہے کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔

(۲۸) سات اچھی دعائیں

پہلی دعا :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ

نِقْمَتِكَ وَجَمِيعِ سَخَطِكَ ط

ترجمہ :۔ اے اللہ میں تیری نعمتوں کے زوال سے، تیری عافیت کے پھر جانے سے، تیرے اچانک عذاب سے اور تیری تمام ناراضگیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

دوسری دعا :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی ط

ترجمہ :۔ اے اللہ میں تجھ سے سیدھی راہ، پرہیزگاری، پاک دامنی اور بے نیازی مانگتا ہوں۔

تیسری دعا :۔ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ط

ترجمہ :۔ اے اللہ میرے دل میں ہدایت ڈال دے اور مجھے نفس کی برائی سے بچا۔

چوتھی دعا :۔ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ

بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدۡتَّ بَیۡنَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ ط

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہوں کو برف کے پانی سے اور اولوں سے دھو دے اور میرے دل کو گناہوں سے پاک و صاف کر دے۔ جیسے میلا کپڑا میل سے پاک و صاف کیا جاتا ہے اور میرے۔ اور میرے گناہوں کے درمیان اتنی دوری کر دے جیسے تو نے مشرق سے مغرب کو دور کر دیا ہے۔

پانچویں دعا:- اَللّٰھُمَّ اَصۡلِحۡ لِیۡ دِیۡنِیَ الَّذِیۡ هُوَ عِصۡمَةُ اَمۡرِیۡ وَاَصۡلِحۡ لِیۡ دُنۡیَایَ الَّتِیۡ فِیۡهَا مَعَاشِیۡ وَاَصۡلِحۡ لِیۡ اٰخِرَتِیَ الَّتِیۡ فِیۡهَا مَعَادِیۡ وَاجۡعَلِ الۡحَیٰوةَ زِیَادَةً لِّیۡ بِکُلِّ خَیۡرٍ وَّاجۡعَلِ الۡمَوۡتَ رَاحَةً لِّیۡ مِنۡ کُلِّ شَرٍّ ط

ترجمہ: اللہ میرا دین سنوار دے جو میرے کام کا بچاؤ ہے۔ میری دنیا کو سنوار دے جہاں میرا ٹھکانہ ہے اور میری آخرت سنوار دے جہاں مجھے واپس جانا ہے اور میری زندگی ہر بھلائی کی زیادتی کا سبب بنا اور میری موت کو ہر برائی سے راحت کا سامان بنا۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: اے اللہ مجھے حلال روزی عطا فرما اور حرام سے بچا اور اپنا فضل دیکر دوسروں سے بے پرواکردے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت اور تیرے محبت کرنے والوں کا اور اس عمل کی محبت جو تیری محبت کا سبب بن جائے ان سب کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔

(۲۹) تمام امراض کیلئے نسخہ شفا

مندرجہ ذیل گیارہ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے کسی بھی مریض کو پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

(۱) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۔ اسریٰ ۸۲ (۲) فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔ النحل ۶۹

(۳) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۔ یونس ۷ (۴) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ○ التوبہ ۱۴ (۵) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ○ الشعرآء ۸۰ (۶) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ حٰمٓ السجدۃ ۴۴ (۷) يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۔ النساء ۲۸ (۸) اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ ۔ الانفال ۶۶ (۹) ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ البقرۃ ۱۷۸ (۱۰) نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ الانبیاء ۸۳ (۱۱) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ الانبیاء ۸۷

(۳۰) حصولِ نعمت

اگر سورۃ فاتحہ ۳ بار، سورۃ الم نشرح ۳ بار اور سورہ القدر ۱۱ بار کا ورد رکھیں تو اللہ تعالیٰ اس پر نعمت کا دروازہ کھول دے گا، بغیر مشقت کیے۔

(۳۱) پانچوں نماز کے بعد پڑھنے کی تسبیح

نماز فجر کے بعد هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط ۱۰۰ بار

نماز ظہر کے بعد هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط ۱۰۰ بار

نماز عصر کے بعد هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ط ۱۰۰ بار

نماز مغرب کے بعد هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ط ۱۰۰ بار

نماز عشا کے بعد هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ط ۱۰۰ بار

(۳۲) مشکل سے مشکل کام کا حل

بعد از نماز عشاء یا سوتے وقت اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ۱۴۱ بار آیت الکرسی صدق دل سے پڑھیں ، تصور حل کے ساتھ ، تو مشکل سے مشکل کام بڑی آسانی سے حل ہو جائے گا۔ ۱۴۱ شب یا حسب ضرورت وحسب حال پڑھیں

(۳۳) تمام پریشانیوں کا حل

بعد از نماز فجر مندرجہ ذیل آیات ساٹھ مرتبہ پڑھیں ۔ یقین کامل اور تصور کے ساتھ پڑھیں ۔ انشاء اللہ پریشانیوں سے نجات مل جائے گی ۔

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۝

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

• وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝

(۳۴) ہر مشکل آسان

آدھی رات، وقت تہجد، بعد از غسل، معطر و پاک، صاف لباس میں دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ الحمد شریف کے بعد

پہلی رکعت میں	سورۃ اخلاص	دس بار
دوسری رکعت میں	سورۃ اخلاص	دس بار

بعد سلام درود شریف گیارہ بار

پھر بیٹھ کر ننگے سر یَا وَہَّابُ ۳۰۰ بار

پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔

پھر بیٹھ کر یَا وَھَّابُ ۴۰۰ بار

پھر کھڑے ہو مقصد کی دعا کریں۔

پھر بیٹھ کر یَا وَھَّابُ ۳۴۲۰ بار

پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ

پھر سجدے میں گڑگڑا کر دعا مانگو۔ انشاء اللہ ایک شب ورنہ تین شب پڑھنے سے اسماء اعظم کی برکت سے جائز مقصد ضرور پورا ہوگا

(۳۵) میاں بیوی کا جھگڑا

۲۰ مرتبہ یَا وَدُودُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر لیں اور ہاتھ منہ پر پھیر لیں۔ جب آمنے سامنے جائیں تو سخت سے سخت دل بھی مائل ہو جائیں گے۔

(۳۶) لاعلاج امراض

حضرت فاروق اعظم رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بارش کا پانی لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات پڑھے گا تو قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اور جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خوشخبری دی ہے کہ جو شخص متواتر سات دن صبح کے وقت اس پانی کو پئے گا اللہ تعالیٰ ہر ایک بیماری سے اس کو دور فرما دیں گے۔

آیت الکرسی	۷۰ بار
الحمد شریف	۷۰ بار
سورۃ الاخلاص	۷۰ بار
تینوں قل شریف	۷۰ بار

(۴۷) مشکلات کا حل

تمام مشکلات کے حل کے لیے یَا لَطِیْفُ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ دعا ضرور قبول ہوگی۔

(۴۸) اسم اعظم

فجر یا عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے بعد مندرجہ ذیل آیات ۱۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ اگر نہ پڑھ سکیں تو کم از کم اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھیں جو مقصد ہے دل میں خدا سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ دعا ضرور پوری ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ اَنْتَ اَللّٰهُ بَلٰى وَاللّٰهِ اَنْتَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُ اَللّٰهُ وَلِلّٰهِ اِنَّهٗ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِقْضِ عَنِّیْ الدَّیْنَ وَارْزُقْنِیْ بَعْدَ الدَّیْنِ ؕ

(۳۹) میاں بیوی میں محبت

بعد نماز عشاء میاں بیوی کے لئے اور بیوی میاں کے لیے ۴۱ بار سورۃ الکوثر پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ خدا کے فضل سے دونوں قابل رشک محبت میں منسلک اور ہم خیال و ہم جذبات ہو جائیں گے گھر کی فضا پرسکون ہو جائے گی۔ صدق دل اور کامل یقین سے دعا کریں۔ دیکھیں ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

(۴۰) گھر کا امن

سورج نکلنے سے پہلے ۰۰ امرتبہ یا وَدُودُ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مٹکے کے پانی میں ملا کر رکھ لیں تاکہ سب گھر والے اس کو پیتے رہیں۔ انشاء اللہ گھر کی فضا بدل جائیگی اور گھر امن و سکون کا گہوارہ بن جائے گا۔

(۴۱) قدر و منزلت

روایت ہے کہ ایک روز ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ دنیا نے مجھے چھوڑ دیا ہے اور میں بالکل قلاش د

مفلس ہو کر رہ گیا ہوں اور سخت محتاجی کی حالت میں ہوں میرا علاج فرمایئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو کہاں پھرتا ہے۔ آخر تیری وہ نماز صلوٰۃ ملائکہ اور تسبیح کیا ہوئی جس سے روزی حاصل کیا کرتے ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر نمازِ فجر سے قبل ۱۰۰ مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھا کر تاکہ دنیا تجھے منہ لگانے لگے خواہ ان کا ارادہ ہو یا نہ ہو لوگ مجبور ہو جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط

(۴۲) کامیابی مقصد

رات کو سوتے وقت باوضو قُلْ ھُوَ اللّٰہُ ۴۱ بار اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر حصولِ مقصد کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

(۴۳) باکمال وظیفہ

کسی ایک دن نماز تہجد کے بعد اپنے اپنے وقت پر پانچوں نمازیں پڑھ کر عشاء کی نماز کے بعد ۲ نفل شکرانہ اور ۲ نفل برائے حاجات پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ،

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ؕ

پڑھیں۔ جس شخص سے تکلیف ہے اس سے اپنی تکلیف کا اظہار نہیں کرنا۔ کسی تیسرے آدمی سے تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا پھر اس وظیفہ کا کمال دیکھیں۔ یہ صرف ایک ہی دفعہ کرنا ہے۔

۴۴ اقرارِ گناہ اور معافی کی دُعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر آپ نے ہماری

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ؕ

مغفرت نہ کی اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو گھاٹا پانے والوں میں سے ہو جائیں گے

۴۵ دین و دنیا کی بھلائی

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی نیکی عطا فرما اور آخرت میں

فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؕ

بھی نیکی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

(۴۶) صلوٰۃ الحاجت

جب کوئی حاجت پیش آئے تو صلوٰۃ الحاجات ادا کیجئے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

طریقہ نمبر۱: نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نماز حاجت اس طرح ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ نماز کے بعد درود شریف پڑھ کر خشوع و خضوع سے مقصد کی دعا مانگیں۔ انشاءاللہ ضرور پوری ہوگی۔

طریقہ نمبر۲: حضرت عثمان بن حنیف سے روایت ہے کہ ایک نابینا شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ مجھے عافیت ہو۔ رسول اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تو چاہے تو دعا کروں اور اگر چاہے تو صبر کر اور یہ تیرے لئے بہتر ہے۔ نابینا شخص نے اصرار کیا کہ یارسول صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا فرمائیں رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وضو کرو اور پھر دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا کرو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اَتَوَسَّلُ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْٓ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ ط ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اور توسل کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے جو نبی رحمت ہیں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حضور کے ذریعے اپنے رب کی طرف اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں تاکہ میری حاجت پوری ہو اے اللہ! ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم ہم لوگ ابھی اٹھنے بھی نہ پائے تھے۔ باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہی نابینا شخص ہمارے پاس پہنچ گیا اور اس کی آنکھیں ایسی روشن ہو چکی تھیں گویا اندھا ہی نہ تھا۔ (بحوالہ ترمذی)

(۴۷) مشکل کام کی عجیب طرح آسانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالےٰ اس کو مخلوق کے شر سے کفایت کرے اس پر رزق آسان کردے ۔ مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دے اور ہر تنگی کو آسان کردے تو اسے چاہیئے کہ مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو ہر روز چار سو پچاس بار پڑھے ۔ جس نے اس پر مداومت کی، اس کے مشکل کام بھی عجیب طرح سے آسان ہو جائیں گے ۔ (بحوالہ مجموعہ برکاتیہ)

(۴۸) ہر کام خدا بنائے

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل دو آیات مبارکہ کو ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھا کرے تو اس کا ہر کام خدا بنائے ۔ اگر ضعیف ہو تو قوی ہو جائے ، رسوا ہو تو عزت دار ہو جائے ۔ قرض دار ہو تو اسے قرض سے نجات ملے ، غم والم ہو تو دور ہو جائے ۔ عسرت و تنگی ہو تو خداوند کریم رزق و فلاح کے دروازے اس پر کھول دے ، قید ہو تو روزانہ ۱۴ مرتبہ پڑھا کرے ۔ انشاء اللہ نجات پائے ۔ پہلی آیت کشائش رزق اور ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لئے ہے اور دوسری آیت حب و تسخیر کے لئے ۔ (بحوالہ خزینۃ الاسرار)

(مجربات فضل)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ پ ۱۱ التوبہ ۱۲۹

(۴۹) کامیابی کا گُر

سورۂ یٰسٓ میں سات مرتبہ لفظ مبین آتا ہے۔ اگر کسی شخص کو کوئی مہم پیش آئے تو سورہ یٰسٓ اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پر سات مرتبہ سورہ الفاتحہ اور تسمیہ (بسم اللہ) ملا کر پڑھیں ہر بار تین مرتبہ آمین کہیں، سورۃ سے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یقین کامل اور تصور کامیابی کے ساتھ پڑھیں۔ تو ان شاء اللہ مشکل سے مشکل مہم آسان ہو جائے گی۔ کام بن جائے گا اور کامیابی قدم چومے گی۔ (بحر الحل المشکلات)

۵۰ گمشدہ کی تلاش

کسی گمشدہ چیز یا آدمی کی تلاش ہو تو مندرجہ ذیل آیات ۷ مرتبہ پوری توجہ، یکسوئی اور تصورِ حضوری کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ ال عمرٰن

۵۱ امتحان میں کامیابی

وظیفہ نمبر ۱
ایک سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ کسی بدھ والے دن کسی نماز کے بعد یہ وظیفہ شروع کریں اور اکیس روز تک روزانہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ پندرہ روز کے بعد کچھ صدقہ حسب توفیق کسی محتاج کر دیں۔

وظیفہ نمبر ۲۔ عشاء کی نماز کے بعد تین سو بار

یَآ اُولِی الْاَلْبَابِ پڑھ کر امتحان میں شاندار نمبروں سے کامیاب ہونے کی دعا کریں۔ جب تک امتحان کا نتیجہ نہ آئے اس عمل کو جاری رکھیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

(۵۲) شادی کے لئے

وظیفہ نمبر ۱:۔ جس کسی کی لڑکی یا لڑکے کنوارے بیٹھے ہوں، سامانِ جہیز یا دیگر سامان نہ ہو اور کہیں سے پیغام بھی نہ آتا ہو تو مندرجہ ذیل طریقہ سے یہ اسم اعظم پڑھیں۔

روزانہ بعد نمازِ عشاء نہایت توجہ، یکسوئی اور کامل یقین کے ساتھ صرف گیارہ دن (جمعرات سے شروع کر کے اتوار تک) اس طرح پڑھیں:

درود شریف	۱۰۰ مرتبہ
یا مُغنی	گیارہ ہزار بار
درود شریف	۱۰۰ مرتبہ

وظیفہ اتوار کو ختم کریں اور دیکھیں پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ انشاءاللہ بہت جلد شادی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

وظیفہ نمبر ۲:

نمازِ فجر کے بعد، سورج طلوع ہونے کے بعد بوقت نمازِ اشراق دو رکعت نمازِ نفل اس نیت سے پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ اس لڑکے یا لڑکی کا اچھا رشتہ ملا دے

بعد از سلام اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو مرتبہ یَا لَطِیفُ پڑھیں۔ انشاءاللہ بہت جلد رشتہ طے ہو جائے گا۔

(۵۳) اپنی طرف رجوع کرانا

صرف ایک دفعہ بروز جمعہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یَا وَدُودُ پڑھیں اول و آخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھیں، بس زکوٰۃ ادا ہو گئی۔
اس کے بعد ہر نماز کے بعد صرف اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر اور مطلوبہ شخص کو تصور میں لا کر دم کریں۔ انشاءاللہ مطلوبہ شخص مائل ہو گا۔

(۵۴) غیبی امداد

بعد از نماز مغرب، صرف اکتالیس ۴۱ بار اَللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ پڑھ لیا کریں۔ سارے معاملات اور مشکل اللہ کے حکم سے حل ہو جائیں گے۔ غیب سے امداد ہو جائیگی اور یہ اسم خود کارسازی کرے گا۔ (بحوالہ چشمہ فیض)

(۵۵) حاکم کے سامنے پیشی

جب آپ حاکم کے سامنے جائیں تو مندرجہ ذیل آیات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنی پیشانی پر الف کھینچ لیں۔

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ؕ

(٥٦) مفلسی کا حل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم باہر سے گھر میں داخل ہو تو السلام علیکم کہو، خواہ گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو۔ اس کے بعد السلام علیک یا رسول اللہ کہیں اور پھر ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ لیں۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ انسان کی مفلسی دور فرما دے گا۔ حضرت سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مفلس شخص نے یہی عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے اس قدر غنی کر دیا کہ وہ اپنا مال پڑوسیوں، عزیزوں اور دوستوں میں تقسیم کرنے لگا۔

نیز یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ صبح و شام تین تین بار سورۃ اخلاص، سورہ فلق اور سورۃ الناس کا پڑھنا ہر چیز سے کفالت کرتا ہے اور ہر برائی کو دفع کرتا ہے۔ (مشکوٰۃ)

(٥٧) زبان بندی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بزبان عصا موسیٰ کلیم اللہ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ لا

تین بار ہر مرتبہ اپنے اوپر دم کرلیں اور مخالفین کی زبان بندی کا خیال رکھیں۔ نیز ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یَا حَفِیۡظُ پڑھ کر دشمنوں سے حفاظت کی دعا کرنے سے بھی آدمی دشمنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

(۵۸) استغفار

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں دو آیات ایسی ہیں کہ کوئی گنہگار بھی اس کی تلاوت کرنے کے بعد استغفار پڑھے تو اس کا کوئی گناہ ایسا نہیں ہے کہ جسے بخش نہ دیا جائے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

۱۔ وَالَّذِیۡنَ اِذَا فَعَلُوۡا فَاحِشَۃً اَوۡ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسۡتَغۡفَرُوۡا لِذُنُوۡبِہِمۡ ط (آل عمران ۱۳۵)

ترجمہ :۔ اور وہ لوگ کہ جب کر بیٹھتے ہیں کوئی برا کام یا ظلم اپنے آپ پر تو یاد کر لیتے ہیں اللہ کو پھر معافی مانگتے ہیں اپنے گناہوں کی۔

۲۔ وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا اَوۡ یَظۡلِمۡ نَفۡسَہٗ ثُمَّ یَسۡتَغۡفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ط (النساء ۱۱۰)

ترجمہ: اور جو کرے بُرا کام یا ظلم اپنے اوپر پھر مغفرت مانگے گا اللہ سے اللہ پائے

گا اللہ کو، بڑا بخشنے والا رحم کرنے والا

(۵۹) حصولِ اولاد کیلئے

وظیفہ نمبر ا

جس شخص کو اولاد کی طرف سے مایوسی ہو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھا

کرے انشاء اللہ صاحب اولاد ہوگا۔ یہ دعا زکریا علیہ السلام کی ہے۔ ان کو جب

اولاد کی طرف سے مایوسی ہوگئی تھی تو انہیں اس دعا کی بدولت فرزند عطا ہوا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ

ترجمہ: اے میرے رب مجھے تنہا نہ چھوڑیئے اور آپ سب سے بہتر وارث ہیں۔

وظیفہ نمبر ۲:۔

مندرجہ ذیل آیت چینی کے برتن میں مشک و زعفران و گلاب سے باوضو حالت میں

لکھ کر پانی میں گھول کر خواہ مرد ہو یا عورت جس کو چاہے پلا دیں۔ نیز اسے ایک

کاغذ پر لکھ کر سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ جماع کے وقت الگ کر لیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ

مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيۡعُ الدُّعَآءِ ۝

ترجمہ :۔ اس موقع پر حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی اور کہنے لگے کہ میرے رب مجھے اپنے پاس سے کوئی پاکیزہ اولاد عطا فرمائیے۔ بلاشبہ آپ دعا قبول فرمانے والے ہیں۔

وظیفہ نمبر ۳ :۔

جمعہ کی شب کو آدھی رات کے بعد اٹھو اور مندرجہ ذیل آیت کو حلوے پر اس طرح لکھو کہ کوئی دیکھنے نہ پائے پھر اس کو کھا کر ہم بستری کرو۔ تین روز تک ایسا ہی کرو۔ مجرب المجرب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيۡرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡ تَسَآءَلُوۡنَ بِهٖ وَالۡاَرۡحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيۡكُمۡ رَقِيۡبًا ۝

ترجمہ :۔ اے لوگو، اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کی بیوی کو پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد و عورتیں پھیلا دیئے۔ ڈرو اللہ سے جس سے تم سوال کرتے ہو اور قرابت پہ نظر رکھو، یاد رکھو اللہ پاک تم پر نگرانی رکھنے والا ہے۔

وظیفہ نمبر ۴ :۔

یہ وظیفہ صرف خواتین کے لئے ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس لونگ لے کر سات سات بار مندرجہ ذیل آیت پڑھیئے اور غسل حیض سے فراغت پاتے ہی ایک لونگ روزانہ رات کو کھا کر سو جائیں۔ اس کے بعد پانی نہ پیئے اور شوہر سے ملتی رہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ط ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ط وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ٥

ل ترجمہ :۔ یا وہ ایسے ہیں جیسے گہرے سمندر کے اندھیرے کہ اُسے ایک بڑی لہر نے ڈھانک لیا ہو اور اسکے اُوپر تلے بادل ہو اوپر تلے بہت سے اندھیرے ہیں کہ اگر وہ اپنا ہاتھ نکالے تو دیکھنے کا احتمال بھی نہیں اور جسے اللہ نور نہ دے اس کو کہیں بھی نور میسّر نہ آسکے گا۔

⑥٠ نافرمان اولاد

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو، ناخلف ہو، وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے انشاءاللہ بچے صالح ہو جائیں گے۔ پڑھتے وقت ذُرِّیَّتِیْ، کے لفظ پر دل میں اپنی اولاد کا خیال رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

ترجمہ :۔ نیک بختی کر میری اولاد میں، میں رجوع کرتا ہوں تیری طرف اور میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

⑥١ مناجاتِ مقبول

اے اللہ ! ہم عاجز بندے تیری ہا کی بیان کرتے ہیں اور تیرے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں۔

اے اللہ ! ہمارے دلوں کو اخلاص کے ساتھ اپنے دین کی طرف پھیر دے۔

اے اللہ ! ہمارے صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کو معاف فرمادے۔

اے اللہ ! ہم کو پکا اور سچا مسلمان بنادے۔

اے اللہ ! ہماری مشکلات کو حل فرمادے۔

اے اللہ ! ہم کو اسلام پر استقامت نصیب فرمادے۔

اے اللہ ! ہم سے راضی ہوجا ہمیں شیطان اور نفس کے شر سے بچا۔

اے اللہ ! ایمان کے ساتھ خاتمہ کیجیو۔

اے اللہ ! ہمارے قدموں کو صراطِ مستقیم پر قائم رہنے والا بنادے۔

اے اللہ ! اپنی رضا پر راضی رہنے کی توفیق عطا فرما۔

اے اللہ ! اپنی خاص رحمت نازل فرما اور اپنے قہر وغضب سے بچا

اے اللہ ! قیامت کی رسوائی سے بچالینا۔

اے اللہ ! اپنے عرش کے سائے میں جگہ دینا قیامت کے روز اپنا دیدار نصیب فرمانا۔

اے اللہ ! کل امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حشر کی رسوائی سے پناہ عنایت فرمانا۔ اسلام کا بول بالا فرما۔ اسلام کا جھنڈا بلند فرما۔

اے اللہ ! تمام مسلمانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کردے۔ اسلام کی حفاظت فرما۔ ہماری خطاؤں کو معاف فرما۔

اے اللہ ! قبر کے اندھیرے اور عذاب سے بچانا، منکر ونکیر کے سوالات کے وقت ہماری مدد فرمانا۔ نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دینا۔

اے اللہ ! ہمیں حلال روزی نصیب فرما۔ ہمارے کاروبار میں اپنی رحمت سے برکت اور ترقی فرما۔

اے اللہ ! ہمیں اخلاص نصیب فرما۔ ہمارے دلوں سے حسد، بغض اور کینہ دور فرما۔ ہم کو دجال کے فتنے، موت کی سختی سے، عذاب قبر سے، قیامت کی گرمی سے اور جہنم کی آگ سے محفوظ فرما۔

اے اللہ ! پل صراط کا راستہ آسان کر دے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرما۔

اے اللہ ! تنگدستی، گھبراہٹ اور قرض کے بوجھ کو دور فرما۔

اے اللہ ! آخرت میں تیرا دیدار نصیب ہو

اے اللہ ! ہمیں اچھی صحت دے کہ ہم تیری عبادت کر سکیں۔

اے اللہ ! مرتے وقت کلمہ نصیب کرنا۔ ہماری دعاؤں کو قبول فرما۔

اے اللہ ! ہمارے بچوں کو علم دین کی دولت سے سرفراز فرما اور نیک وصالح بنا دے

اے اللہ ! ہم گناہوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ صرف تیری رحمت کا آسرا ہے تو ہم کو بخش دے اپنی رحمت سے۔

اے اللہ ! اے غفور رحیم ہمارے گناہوں کو معاف فرما۔

اے اللہ ! ہم گناہوں سے توبہ کرتے ہیں تو ہماری خطاؤں کو معاف فرما دے۔

اے اللہ ! ہم گناہوں سے شرمندہ ہیں۔

اے اللہ ! جو گناہ جان کر کیے اور جو انجانے میں ہوئے ہیں سب کو معاف فرمائے۔

اے اللہ ! ہمارے مردوں اور عورتوں کو نماز کا پابند بنا دے۔

اے اللہ ! ہماری عبادتوں کو قبول فرما۔

اے اللہ ! سب مسلمانوں کو نیک بنا دے۔

اے اللہ ! ہم کو ہر قسم کی مصیبتوں سے بچا۔

اے اللہ ! آخرت میں تیرا دیدار نصیب ہو۔

اسلام کا بول بالا ہو مسلمانوں کی تمام مشکلیں حل فرما اور ہماری ہر مشکل آسان فرما دے۔ سکون اور راحت عطا فرما۔

اے اللہ ! مسلمانوں کو تمام دنیا میں عزت عطا فرما۔

اے اللہ ! کمزوروں کو صحت عطا فرما۔

اے اللہ ! بیماروں کو شفا عطا فرما۔

اے اللہ ! بچھڑوں کو ملا دے اور روٹھوں کو منا دے

اے اللہ ! ہماری تمام جائز دلی تمناؤں کو پورا فرما دے۔

اے اللہ ! مسلمانوں کو دیس پردیس میں چین، امن اور سلامتی عطا فرما۔

اے اللہ ! تنگدستوں کی تنگدستی دور فرما دے۔

اے اللہ ! جو بے اولاد ہیں ان کو اولاد عطا فرما اور ہماری اولاد اور ان کی آنے والی نسل سے جو ان کے بعد چلے، ان سب کو نیک کیجیو۔

اے اللہ ! ہمارے مُردوں کی مغفرت فرما، ان کی قبروں پر رحمت نازل فرما، ان کی قبروں کو ٹھنڈا رکھ اور ان کو بلند درجات عطا فرما۔

اے اللہ ! کل مسلمانوں کو اپنے پیارے نبی کی شفاعت نصیب فرما۔

آمین !

درد سے بچاؤ کے لئے

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جس کو میں محسوس کرتا ہوں اور جسکے لاحق ہونے کا مجھے خوف ہے۔

اپنا دایاں ہاتھ درد یا تکلیف کی جگہ رکھیں۔ تین بار تسمیہ کے بعد یہ دعا سات بار پڑھتے ہوئے ہاتھ پھیرتے

جائیں. آزمودہ ہے۔ انشاءاللہ ضرور ہی شفا ہو کر رہے گی.

حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وہ سب سے بڑا نام جس سے جب بھی دعا کی جائے اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں اور جو بھی مانگا جائے وہ ضرور دیتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَلْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

الٰہی میں. تجھ سے سوال کرتا ہوں. اس لئے کہ تیری ہی سب تعریف ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے تو بہت بڑا مہربان ہے. بہت زیادہ احسان کرنے والا ہے. آسمانوں اور زمین کا تو ہی (بے مثال) ایجاد کرنے والا ہے۔

اے (عظمت، جلال اور (انعام و) احسان کے مالک۔

دماغ تیز کرنے کے لئے

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ

ہر نماز کے بعد ۱۴ بار پڑھ لیا کریں۔

اور ۱۱ بار رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھا کریں۔

(۶۲) قُربِ الٰہی کے لئے

صبح و شام یہ تین سورتیں سات بار پڑھیں

۱۔ سورۃ الفاتحۃ ۲۔ سورۃ الاخلاص

۳۔ سورۃ الم نشرح (پارہ نمبر ۳۰)

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص ورد

صبح و شام سات بار پڑھیں۔

۱۔ سورۃ الکوثر ۲۔ سورۃ الضحیٰ

۳۔ درود شریف (درود ابراہیمی)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ماہ شعبان میں جو کوئی مجھ پر تین ہزار مرتبہ درود بھیجے گا۔ بروز حشر اس کی شفاعت کرنا مجھ پر واجب ہو جائے گی۔ (صرف (۳۰) تیس تسبیحات کریں)

شب برات کے روز مغرب سے پہلے عصر کے بعد (۴۰) چالیس مرتبہ (۴۰) چالیس مرتبہ استغفار کی تسبیح کرنا چاہیئے۔

شعبان کا روزہ افطار کرنے سے کچھ دیر قبل متعدد بار درود پڑھنے سے پچھلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اور روزی میں برکت فرما دی جاتی ہے۔

سحری کا افضل وظیفہ:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا کَسَبَتْ ؕ

جو شخص اس دعا کو سحری کے وقت سات مرتبہ پڑھے گا تو اس کو ہر ستارے کے بدلے میں ہزار نیکیاں ملیں گی۔ اور اس کے ہزار گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

سحری کے وقت کثرت سے یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ کا وِرد رکھو۔ اس کے پڑھنے والے کے گناہ صغیرہ معاف ہو جائیں گے۔ (حدیث نبوی)

عید کا انمول وظیفہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عید کے دن ۳ سو مرتبہ اس تسبیح کو پڑھا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ (اللہ پاک ہے اور اس کی حمد ہے) پھر اس کا ثواب تمام مسلمان مردوں کو بخش دیا تو ہر قبر میں ایک ہزار نور داخل ہوں گے۔ اور جب یہ آدمی فوت ہو گا تو اللہ تعالیٰ اس کی قبر میں ایک ہزار نور داخل کرے گا (مکاشفۃ القلوب)

(۶۴) نماز استخارہ

استخارہ کا مطلب اللہ سے بھلائی طلب کرنا ہے۔ یعنی جب کسی اہم کام کا قصد کرے تو اس کے کرنے سے پہلے استخارہ کرے۔ استخارہ کرنے والا گویا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کرتا ہے کہ اے علّامُ الغیوب مجھے اشارہ فرما دے کہ یہ کام میرے حق میں بہتر ہے یا نہیں؟

طریقہ استخارہ

پہلے دو رکعت نماز کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری میں فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور سلام پھیر کر پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ ط فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ

خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ط

اور بہتر یہ ہے کہ سات بار استخارہ کرے اور دعائے مذکورہ پڑھ کر باطہارت قبلہ رو سو رہے۔ دعا کے اول آخر فاتحہ اور درود شریف پڑھے۔ اگر خواب میں سپیدی یا سبزی دیکھے تو سمجھے کہ یہ کام بہتر ہے اور اگر سرخی یا سیاہی تو سمجھے کہ برا ہے اس سے بچے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم یہ آیت سناتے رہے۔ اور جب فارغ ہوئے

تو ارشاد فرمایا، اگر سارے لوگ اس پر عمل کرنا شروع کر دیں تو یہ آیت ان سب کے لیے کافی ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ط

دینی اور دنیوی مشکلات کے حل کا وظیفہ

ایک دفعہ عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا لڑکا دشمن کی قید میں ہے اور اس کی ماں اس کی جدائی میں سخت بے چین ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے کیا حکم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے ڈرو صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لو۔ میں تجھے اور تیری بیوی کو حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت سے

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ کا وِرد کیا کرو انہوں نے ایسا ہی کیا اور ان کا لڑکا۔ اس کی برکت سے مال و دولت لے کر خیر و عافیت سے اپنے والدین کے پاس پہنچ گیا۔

۲۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جسے غم و افکار گھیریں اسے چاہیئے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ بکثرت پڑھے۔

۳۔ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

۴۔ یہ جنت کے دروازوں میں ایک دروازہ ہے۔

۵۔ ایک روایت میں ہے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ کے ساتھ ایک فرشتہ اترتا ہے اور صحت مندی لاتا ہے۔ کیونکہ یہ ۹۹ مرض کی دوا ہے۔

۶۔ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے کبھی محتاجی نہ ہوگی۔

۷۔ اس کلمہ کے عمل سے بڑھ کر کوئی چیز مددگار نہیں ہے۔

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان ورد سے میں نے بہت کچھ پایا

اول و آخر درود شریف

ہفتہ کے دن

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

سو بار پڑھنے سے غم دور ہو جاتے ہیں

اتوار کے دن

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

ہزار بار پڑھنے سے روزی میں اضافہ ہو جاتا ہے

پیر کے دن

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

ہزار بار پڑھنے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے

منگل کے دن

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

ہزار بار پڑھنے سے بلا نازل نہ ہو

بدھ کے دن

اِسْتِغْفَار

ہزار بار پڑھنے سے قبر کے عذاب سے محفوظ رہے

جمعرات کے دن

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

ہزار بار پڑھنے سے مالا مال ہو جائے۔

جمعۃ المبارک کے دن اَللّٰہُ ھُوْ ہزار بار پڑھنے سے تنگی دور ہو جاتی ہے۔

نماز کی فضیلت

- جس نے فجر کی نماز ترک کی اس کے چہرے سے نور ختم کر دیا جاتا ہے۔
- جس نے ظہر کی نماز ترک کی اس کی روزی سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔
- جس نے عصر کی نماز ترک کی اس کے بدن سے طاقت ختم کر دی جاتی ہے
- جس نے مغرب کی نماز ترک کی اس کو اولاد سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔
- جس نے عشاء کی نماز ترک کی اس کی نیند سے راحت ختم کر دی جاتی ہے۔

فیضانِ رحمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کشائش رزق و ادائیگی قرض

کشائش رزق اور ادائیگی قرض کیلئے صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سات بار یہ آیت اس کے اول آخر درود شریف تین بار پڑھیں اور اپنے آپ پر دم کریں لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۔

امراض سے حفاظت کا ورد

صبح کی نماز کے بعد اس دعا کو سات بار پڑھ لینا جسم کو تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت کا ورد

جو شخص فجر کی نماز کے بعد اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے گا دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا۔ تجربہ کرکے دیکھئے۔ دعا یہ ہے حَسْبِيَ اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْقَوِيُّ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ الشَّدِيدُ لِمَنْ كَادَنِي بِسُوْٓءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۔

سحر اور ہر تکلیف کے لیے

سحر اور ہر تکلیف سے بچنے کے لیے صبح و شام تین تین بار یہ دعا پڑھے محفوظ رہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔